ملتان سلطانز یا پشاور زلمی، ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 کے فاتح کا فیصلہ کل ہو گا

- فاتح ٹیم ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 کی چمچماتی ٹرافی سمیت ساڑھے سات کروڑ روپے کی حقدار ٹھہرے گی
- رنرز اپ کو تین کروڑ روپے کی انعامی رقم دی جائے گی

ابوظہبی، 23 جون 2021ء:

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6 کی فاتح محمد رضوان کی ملتان سلطانز بنے گی یا چیمپئن کا سہرا وہاب ریاض کی پشاور زلمی کے سر پر سجے گا اس کا فیصلہ کل ہو گا۔ ایونٹ کا فائنل کل مقامی وقت کے مطابق رات 8 اور پاکستانی وقت کے مطابق رات 9 بجے شیخ زید اسٹیڈیم ابوظہبی میں کھیلا جائے گا۔

ایونٹ میں کھیلے گئے 33 سنسنی خیز مقابلوں کے بعد ملتان سلطانز اور پشاور زلمی کی ٹیموں نے فائنل میں رسائی حاصل کی تھی، دونوں ٹیموں نے پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست رہنے والی اسلام آباد یونائیٹڈ کی ٹیم کو پلے آف مرحلے میں شکست دینے کے بعد ایونٹ کے فائنل میں جگہ بنائی۔ ملتان سلطانز نے کوالیفائر میں اسلام آباد یونائیٹڈ کو 31 رنز جبکہ پشاور زلمی نے ایلیمنیٹر ٹو میں اسلام آباد یونائیٹڈ کو 8 وکٹوں سے ہرایا تھا۔

یہ پہلا موقع ہے کہ جب ملتان سلطانز نے ایونٹ کے فائنل میں رسائی حاصل کی ہے۔ پشاور زلمی کی ٹیم چوتھی مرتبہ ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کا فائنل کھیل رہی ہے۔ پشاور زلمی کی ٹیم 2017 میں ایونٹ کی فاتح بھی رہ چکی ہے۔

ملتان سلطانز کی ٹیم لیگ کے ابو ظہبی مرحلے میں کھیلے گئے کوالیفائر سمیت 6 میں سے 5 میچز میں فتح حاصل کی، دوسری طرف پشاور زلمی کی ٹیم ابوظہبی مرحلے میں کھیلے گئے 5 میں سے صرف 2 میچز ہی جیت سکی تھی تاہم وہ بہتر رن ریٹ کی بنیاد پر ایونٹ کے پلے آف مرحلے میں پہنچی۔

اس سے قبل دونوں ٹیمیں ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 میں 2 مرتبہ ایک دوسرے کے مدمقابل آچکی ہے ان مقابلوں میں ایک میچ پشاور زلمی اور دوسرا ملتان سلطانز نے جیتا۔ دونوں ٹیمیں جب پہلی مرتبہ ایونٹ میں مدمقابل آئیں تو وہ مقابلہ پشاور زلمی نے جیت لیا۔ فاتح ٹیم نے ٹام کوہلر کیڈمور کی نصف سنچری اور امام الحق کی 48 رنز کی اننگز کی بدولت 194 رنز کا ہدف 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا تاہم ملتان سلطانز نے 13 جون کو ابوظہبی میں کھیلے گئے میچ میں پشاور زلمی کو 8 وکٹوں سے ہرا کر حساب برابر کردیا۔

دونوں ٹیموں کے کپتانوں نے پری فائنل میڈیا سیشنز میں شرکت کرتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کچھ یوں کیا ہے:

محمد رضوان، کپتان ملتان سلطانز:

ملتان سلطانز کے کپتان محمد رضوان کا کہنا ہے کہ فائنل میں رسائی ملتان سلطانز کے اسکواڈ میں شامل ہر فرد کی مشترکہ محنت کا ثمر ہے، کراچی کنگز کے خلاف میچ میں شاندار کم بیک کی وجہ بھی یہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ کراچی میں کھیلے گئے لیگ کے ابتدائی مرحلے میں ہماری ٹیم اچھی کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کرسکی تاہم ابوظہبی پہنچنے سے قبل ہم تمام تر چیلنجز سے بخوبی آشناء ہوچکے تھے، جس کی وجہ سے یہاں ہماری کارکردگی مؤثر رہی۔

محمد رضوان کا مزید کہنا تھا کہ ملتان سلطانز کی جیت میں تسلسل کی بنیادی وجہ ایک منظم اور جامع حکمت عملی کی تیاری اور پھر اس پر عمل کرنا رہا ہے۔

ان کا کہنا ہے کہ وہ فائنل میں جیت کے لیے پرعزم ہیں، امید ہے کہ ٹیم اہم میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔

وہاب ریاض، پشاور زلمی:

پشاور زلمی کے کپتان وہاب ریاض کا کہنا ہے کہ بطور کپتان ٹیم کا فائنل میں پہنچنا ان کے لیے اعزاز کی بات ہے۔ وہاب ریاض نے کہا کہ حضرت اللہ ززئی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں کو کہ ٹیم کے لیے اچھا ہے۔

وہاب ریاض کا کہنا ہے کہ پشاور زلمی کی فائنل تک رسائی میں ٹیم کے ہر کھلاڑی نے حصہ ڈالا ہے، انضمام الحق، محمد اکرم اور ڈیرن سیمی کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کرتے ہیں، پشاور زلمی کی ٹیم پلے آف مرحلے کی طرح ایونٹ کے فائنل میں بھی کامیابی حاصل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔

کپتان پشاور زلمی کا کہنا ہے کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل کے آغاز سے اب تک وہ لیگ کے بہترین باؤلر نہیں بن پائے تاہم اس مرتبہ وہ یہ اعزاز حاصل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ ہماری ٹیم تمام شعبوں میں بہترین کھیل کا مظاہرہ کرے، ہار جیت کھیل کا حصہ ہے تاہم پشاور زلمی کی ٹیم فائنل میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 کی انعامی رقم:

فاتح: ساڑھے سات کروڑ روپے

رنرز اپ: 3 کروڑ روپے

پلیئر آف دا ٹورنامنٹ کا پلیئر: 30 لاکھ روپے

بہترین بیٹسمین: 8 لاکھ روپے

بہترین بولر: 8 لاکھ روپے

بہترین فیلڈر: 8 لاکھ روپے

بہترین وکٹ کیپر: 8 لاکھ روپے

اسپرٹ آف کرکٹ ایوارڈ: 32 لاکھ روپے

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4